دورہ اگر سیاسی، تجارتی اور دفاعی معاملات تک محدود رہتا تو شاید یہ تکلیف پیدا نہ ہوتی۔ لیکن یک طرفہ طور پر صرف ایک فریق کے دکھ کا ذکر کرنا، اور دوسرے فریق کی طویل اذیت کو نظر انداز کر دینا، طرزِ اظہار انصاف کے تقاضوں سے ہم آہنگ محسوس نہیں ہوتا۔ یہی وہ مقام ہے جہاں سوال اٹھتا ہے کہ کیا ہم اپنی قدیم متوازن خارجہ پالیسی سے دور تو نہیں جا رہے؟

جب ہندوستان آزاد ہوا تو اس کے سامنے صرف سرحدوں کا سوال نہیں تھا، بلکہ اخلاقی شناخت کا سوال بھی تھا۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے خارجہ پالیسی کی جو بنیاد رکھی، وہ محض سفارتی حکمتِ عملی نہ تھی بلکہ ایک اخلاقی اعلان تھا۔ 1947ء میں اقوام متحدہ میں فلسطین کی تقسیم کے منصوبے کے خلاف ہندوستان نے ووٹ دیا۔ یہ کوئی معمولی فیصلہ نہیں تھا۔ اس وقت دنیا بڑی طاقتوں کے دباؤ میں تھی، مگر ہندوستان نے اصولی مؤقف اختیار کیا کہ کسی قوم کی سرزمین اس کی مرضی کے بغیر تقسیم نہیں کی جا سکتی۔

1950ء میں ہندوستان نے اسرائیل کو بطور ریاست تسلیم ضرور کیا، مگر مکمل سفارتی تعلقات قائم نہ کیے۔ اس کے برعکس 1974ء میں فلسطین لبریشن آرگنائزیشن (پی ایل او) کو فلسطینی عوام کا نمائندہ تسلیم کیا گیا۔ 1988ء میں جب فلسطینی ریاست کے قیام کا اعلان ہوا تو ہندوستان ان ابتدائی ممالک میں شامل تھا جنہوں نے اسے تسلیم کیا۔ یہ فیصلے نہرو کے بعد اندرا گاندھی اور راجیو گاندھی کے ادوار میں بھی برقرار رہے۔ غیر وابستہ تحریک میں ہندوستان ہمیشہ فلسطینی حقِ خودارادیت کا وکیل بنا رہا۔

یہ کہنا درست نہ ہوگا کہ 1990ء کی دہائی کے بعد سب کچھ یکسر بدل گیا۔ 1992ء میں پی وی نرسمہا راؤ کی حکومت نے اسرائیل سے مکمل سفارتی تعلقات قائم کیے، مگر فلسطین کی حمایت ترک نہیں کی۔ اٹل بہاری واجپئی کے دورِ حکومت (1998ء تا 2004ء) میں اسرائیل کے ساتھ دفاعی تعلقات میں وسعت آئی، 2003ء میں اسرائیلی وزیر اعظم ایریل شیرون ہندوستان آئے، مگر اسی زمانے میں یاسر عرفات کا خیر مقدم بھی ہوا اور اقوام متحدہ میں فلسطین کے حق میں ہندوستان کی رائے برقرار رہی۔ یہ ایک توازن تھا ایک طرف قومی مفاد، دوسری طرف اصولی روایت۔ اب سوال یہ ہے کہ نریندر مودی کے دور میں کیا بدلا؟ 2017ء میں نریندر مودی اسرائیل کا دورہ کرنے والے پہلے بھارتی وزیر اعظم بنے۔ اس سے پہلے بھارتی وزرائے اعظم اسرائیل اور فلسطین دونوں کا دورہ ایک ساتھ کیا کرتے تھے تاکہ توازن کا تاثر برقرار رہے۔ مگر مودی نے اس روایت کو توڑ دیا۔ بعد میں فلسطین کا علیحدہ دورہ ضرور ہوا، لیکن سفارتی علامتیں بڑی معنی خیز ہوتی ہیں۔ سیاست میں اشارے بھی پیغام ہوتے ہیں۔

یہاں ایک اور پہلو بھی اہم ہے۔ راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کی فکری بنیاد ہندوتو قومیت پر ہے۔ اس کا تصورِ قومیت مذہبی و تہذیبی شناخت کو مرکزی حیثیت دیتا ہے۔ دوسری جانب صہیونی تحریک بھی ایک مذہبی و نسلی شناخت کی بنیاد پر ریاست کے قیام کا نظریہ پیش کرتی رہی ہے۔ کئی مبصرین نے اس نظریاتی مماثلت کی طرف اشارہ کیا ہے کہ دونوں تحریکیں اپنے اپنے اکثریتی مذہبی تشخص کو ریاستی طاقت کا محور سمجھتی ہیں۔ اگرچہ دونوں کی تاریخی اور جغرافیائی صورت حال مختلف ہے، لیکن فکری قربت کے تاثر سے انکار ممکن نہیں۔

لیکن کیا مودی حکومت اسرائیل سے تعلقات صرف نظریاتی ہم آہنگی کی بنیاد پر مضبوط کر رہی ہے؟ یا اس کے پیچھے دیگر عوامل اور وجوہات بھی کارفرما ہیں؟ میں سمجھتا ہوں کہ نظریاتی اور فکری ہم آہنگی ،مسلمانوں کے تئیں صیہونیت اور فاشزم کی مشترکہ ذہنیت کے علاوہ امریکہ کی خوشنودی کا حصول، چین اور پاکستان کے تناظر میں دفاعی معاہدے، اور اسرائیل کی جدید زراعتی ٹیکنالوجی سے استفادہ بھی ان تعلقات کی معقول وجوہات ہو سکتی ہیں۔

مگر اصل سوال یہ ہے کہ کیا اس نئی قربت کا کوئی منفی تاثر ہندوستانی مسلمانوں پر پڑ رہا ہے؟ ظاہر ہے اس کا جواب ہاں میں ہے۔ اس لیے کہ ہندوستانی مسلمان فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کی کھل کر مذمت کرتے ہیں، اسرائیلی پالیسیاں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہیں۔ ہندوستان کے بیس کروڑ سے زائد مسلمان اس ملک کے برابر کے شہری ہیں۔ انہوں نے آزادی کی جدوجہد میں حصہ لیا، آئین کی تشکیل میں کردار ادا کیا، اور آج بھی ہر شعبے میں موجود ہیں۔ ملک کی بدلتی خارجہ پالیسی سے مسلمانوں کا فکر مند ہونا فطری ہے۔ اگر خارجہ پالیسی کا رخ اس انداز میں بدلے کہ داخلی سطح پر ایک طبقہ خود کو غیر محفوظ محسوس کرے، تو یہ محض سفارتی مسئلہ نہیں رہتا بلکہ سماجی ہم آہنگی کا مسئلہ بن جاتا ہے۔

ہندوستان کی بدلتی ہوئی خارجہ پالیسی کے تناظر میں ہندوستانی مسلمان کیا کریں؟ میں سمجھتا ہوں کہ سب سے پہلے، جذباتی ردِ عمل کے بجائے آئینی راستہ اختیار کریں۔ احتجاج ہو تو پر امن ہو، مطالبات ہوں تو آئینی زبان میں ہوں۔ دوسرا، سیاسی شرکت بڑھائیں۔ ووٹ کی طاقت جمہوریت میں سب سے بڑی طاقت ہے۔ تیسرا، تعلیمی و معاشی میدان میں مضبوطی حاصل کریں تاکہ کوئی بھی بیانیہ انہیں کمزور ثابت نہ کر سکے۔ چوتھا، بین المذاہب مکالمہ بڑھائیں۔ ہندو، سکھ، عیسائی سب اس ملک کے شہری ہیں۔ باہمی اعتماد ہی کسی بھی تقسیم کو ناکام بناتا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت پر یہ بات واضح رہنی چاہئے کہ خارجہ پالیسی میں قومی مفاد اہم ہے، مگر داخلی اتحاد اس سے بھی زیادہ اہم ہے۔ ہندوستان کی اصل طاقت اس کی تکثیریت ہے۔ اگر دنیا میں ہندوستان کو ایک عظیم جمہوریت کے طور پر پیش کرنا ہے تو اسے اپنے اندر ہر طبقے کے اعتماد کو مضبوط رکھنا ہوگا۔ تاریخ ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اصولی مؤقف اور عملی مفاد میں توازن ممکن ہے۔ نہرو کے دور میں بھی عالمی دباؤ تھا، واجپئی کے زمانے میں بھی علاقائی چیلنج تھے، مگر فلسطین کی حمایت اور اسرائیل سے تعلقات دونوں ساتھ چلتے رہے۔ آج بھی ایسا ہو سکتا ہے۔ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ظالم کی حمایت کر کے ہم وشوگرو نہیں بن سکتے۔ اسرائیل کسی کا خیر خواہ نہیں ہو سکتا۔ دنیا میں یوں تو بہت سے خود غرض ممالک ہیں مگر اسرائیل ان میں سرفہرست ہے۔

سوال کسی ایک دورے کا نہیں، بلکہ اس سمت کا ہے جس طرف ملک بڑھ رہا ہے۔ کیا ہم طاقت کی سیاست کو اخلاق کی سیاست پر غالب آنے دیں گے؟ یا ہم وہی ہندوستان بنے رہیں گے جو مظلوم کے حق میں آواز اٹھاتا تھا، اور اپنے اندر سب کو ساتھ لے کر چلتا تھا؟ فیصلہ صرف حکومت کا نہیں، عوام کا بھی ہے۔ اگر ہم آئین، جمہوریت اور باہمی احترام کو مضبوط رکھیں گے تو کوئی بھی خارجہ پالیسی داخلی تقسیم کا سبب نہیں بن سکے گی۔ ہندوستان کی اصل پہچان اس کی گنگا جمنی تہذیب ہے۔ اسے برقرار رکھنا ہی سب سے بڑا قومی مفاد ہے۔

وفیات۔۔آیت اللہ علی خامنہ ای: ایک دور کا خاتمہ

اسد مرزا

آیت اللہ علی خامنہ ای (1939-2026)، ایران کے دوسرے سپریم لیڈر تھے، وہ 28 فروری 2026 کو تہران پر امریکی اور اسرائیل کے مربوط فضائی حملوں کے دوران ہلاک ہو گئے۔ ان کی ہلاکت کی تصدیق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ابتدائی اعلان کے بعد یکم مارچ 2026 کو ایران کے سرکاری میڈیا نے بھی کی ہے۔

خامنہ ای کو ''آپریشن ایپک فیوری'' کے نام سے تعبیر کیے گئے کہ ایک امریکہ۔اسرائیل مشترکہ آپریشن میں ان کے دفتر میں ہلاک کیا گیا۔ ان کے ساتھ اسلامی انقلابی گارڈ کور (IRGC) کے کمانڈر اور وزیر دفاع سمیت کئی دیگر اعلیٰ عہدے دار بھی مارے گئے۔

ایران نے 40 روزہ سرکاری سوگ اور سات دن کی تعطیلات کا اعلان کیا ہے۔ آیت اللہ علی خامنہ ای کا کوئی نامزد جانشین نہیں ہے۔ ایرانی آئین کے تحت صدر، عدلیہ کے سربراہ اور گارڈین کونسل کے رکن پر مشتمل کونسل عارضی طور پر قیادت کے فرائض سنبھالے گی۔

آیت اللہ علی خامنہ ای نے 1989 سے 2026 تک 36 سال تک اسلامی جمہوریہ ایران کے سپریم لیڈر کے طور پر خدمات انجام دیں، جس سے وہ مشرق وسطیٰ میں سب سے طویل عرصے تک برسر اقتدار رہنے والے حکمراں بنے۔

وہ مشہد میں 1939 میں پیدا ہوئے تھے، وہ 1979 کے اسلامی انقلاب کی ایک اہم شخصیت تھے اور 1981 سے 1989 تک ایران کے صدر کے طور پر خدمات انجام دیں۔ ان کی مذہبی وابستگی اس وقت واضح تھی جب وہ 11 سال کی عمر میں عالم بنے۔ انہوں نے عراق اور ایران کے مذہبی دارالحکومت قم میں تعلیم حاصل کی۔ ان کے والد، نسلی آذری نسل کے ایک مذہبی اسکالر، ایک روایتی مولوی تھے جو مذہب اور سیاست کو ملانے کے مخالف تھے۔ اس کے برعکس ان کے بیٹے نے اسلامی انقلابی مقصد کو قبول کیا۔

1963 میں، خامنہ ای نے پہلی بار جیل میں گزاری جب انہیں 24 سال کی عمر میں سیاسی سرگرمیوں کے لیے حراست میں لیا گیا۔ اس سال کے آخر میں انہیں مشہد میں 10 دن تک قید رکھا گیا، جہاں ان کی سرکاری سوانح عمری کے مطابق ان پر شدید تشدد بھی کیا گیا۔ ایک ماہر اسلامیات، ان کی فکر مغرب مخالف، خاص طور پر امریکہ اور اسرائیل کے خلاف ان کی گہری دشمنی اور اسلامی اصولوں کے ساتھ ان کی غیر متزلزل وابستگی کے ذریعہ بیان کی جا سکتی ہے۔

آیت اللہ علی خامنہ ای کی 36 سالہ حکمرانی نے ایران کو ایک طاقتور امریکہ مخالف قوت کے طور پر بنایا، جس نے پورے مشرق وسطیٰ میں اپنی فوجی طاقت کو پھیلایا۔

انہیں پہلے تو سیاسی طور پر کمزور اور غیر فیصلہ کن قرار دے کر مسترد کر دیا گیا، خامنہ ای اسلامی جمہوریہ ایران کی بنیاد رکھنے والے کرشماتی آیت اللہ روح اللہ خمینی کی موت کے بعد سپریم لیڈر کے عہدے کے لیے ایک غیر متوقع انتخاب نظر آئے۔ لیکن خامنہ ای کا ملک کے اقتداری ڈھانچے کے عروج پر پہنچنا ان کی ملکی معاملات پر سخت گرفت اور آیت اللہ خمینی کی فکر کو فروغ دینے کی وجہ سے ممکن ہوا۔

خامنہ ای نے طویل عرصے سے اس بات کی تردید کی کہ ایران کے جوہری پروگرام کا مقصد جوہری ہتھیار بنانا ہے، جیسا کہ مغرب کا دعویٰ تھا۔ 2015 میں انہوں نے محتاط انداز میں عالمی طاقتوں اور اصلاح پسند صدر حسن روحانی کی حکومت کے درمیان ایک جوہری معاہدے کی حمایت کی جس نے پابندیوں میں نرمی کے بدلے ملک کے جوہری پروگرام کو روک دیا تھا۔ مشکل سے جیتنے والے معاہدے کے نتیجے میں ایران کی اقتصادی اور سیاسی تنہائی کو جزوی طور پر ختم کر دیا گیا تھا۔ خامنہ ای کی امریکہ کے خلاف دشمنی غیر معمولی تھی، 2018 میں اس میں شدت آئی جب ٹرمپ کی پہلی انتظامیہ نے جوہری معاہدے سے دستبرداری اختیار کی اور ایران کی تیل اور جہاز رانی کی صنعتوں کا گلا گھونٹنے کے لیے دوبارہ ایران پر پابندیاں عائد کر دیں تھیں۔ آیت اللہ نے اپنے پورے دور اقتدار میں واشنگٹن پر تنقید جاری رکھی اور 2025 میں امریکی صدر کے طور پر ڈونلڈ ٹرمپ کی دوسری مدت کے آغاز کے بعد اس میں مزید شدت آئی۔

ایران کے سابق شاہ کے زوال کے بعد، خامنہ ای نے اسلامی جمہوریہ میں انہوں نے کئی عہدے سنبھالے۔ نائب وزیر دفاع کے طور پر، وہ فوج کے قریب ہو گئے اور پڑوسی ملک عراق کے ساتھ 1980-88 کی جنگ میں ایک اہم شخصیت تھے، جس میں ایک اندازے کے مطابق مجموعی طور پر دس لاکھ افراد کی جانیں گئیں۔

وہ ایک ماہر خطیب بھی تھے گو کہ ان کے پاس آیت اللہ خمینی جیسی مقناطیسی شخصیت نہیں تھی لیکن اس کے باوجود وہ دو مرتبہ ایران کے صدر کے عہدے پر فائز بھی رہے اور ساتھ ہی ایرانی آئی آر جی سی کے ساتھ تعلقات استوار کر کے ایران پر اپنے اقتدار کو قائم رکھنے میں کامیاب بھی رہے۔

ساتھ ہی پابندیوں کے زمانے میں ایرانی معیشت کو انہوں نے کمزور نہیں پڑنے نہیں دیا۔ خامنہ ای نے خطے میں ایرانی اثر و رسوخ کو بڑھایا، عراق اور لبنان میں شیعہ ملیشیا کو بااختیار بنایا، اور شام میں ہزاروں فوجیوں کو تعینات کر کے اس وقت کے صدر بشار الاسد کو آگے بڑھایا۔ خامنہ ای کی حکمرانی میں، ایران اور اسرائیل نے برسوں تک شیڈو جنگ لڑی، جس کے دوران اسرائیل نے تہران کے جوہری سائنسدانوں اور پاسداران انقلاب کے کمانڈروں کو قتل کیا۔

ماضی میں امریکہ اور اسرائیل نے خبردار کیا تھا کہ اگر ایران نے اپنے جوہری اور بیلسٹک میزائل پروگرام کو آگے بڑھایا تو وہ دوبارہ حملہ کریں گے اور ہفتے کے روز انہوں نے کئی دہائیوں میں ایرانی اہداف پر سب سے زیادہ مہلک حملہ کیا۔

سفارتی محاذ پر، خامنہ ای نے امریکہ کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانے کو ہمیشہ مسترد کیا تھا۔ ان کی دلیل تھی کہ واشنگٹن نے خطے میں فرقہ وارانہ جنگ کو ہوا دینے کے لیے اسلامک اسٹیٹ جیسے سخت گیر گروہوں کی حمایت کی ہے۔

تمام ایرانی حکام کی طرح، خامنہ ای نے جوہری ہتھیاروں کو تیار کرنے کے کسی ارادے سے انکار کیا اور 1990 کی دہائی کے وسط میں جوہری ہتھیاروں کی ''پیداوار اور استعمال'' کے بارے میں اسلامی حکم یا فتویٰ جاری کیا تھا۔ مرحوم آیت اللہ نے اسرائیل اور امریکہ کے حملوں کے ساتھ ساتھ ملک میں خاص طور پر نوجوان نسلوں کے درمیان بڑھتے ہوئے اختلاف کے درمیان اسلامی جمہوریہ کو اس کے سب سے نازک دوڑ میں الوداع کہا ہے۔

दिल्ली में 'सशक्त नारी, समृद्ध दिल्ली' कार्यक्रम, महिलाओं को 4 बड़ी सौग़ातें

नई दिल्ली। (टॉप ब्यूरो) होली के मौके पर दिल्ली सरकार आज राजधानी की महिलाओं और बेटियों को चार बड़ी सौगातें देने जा रही है। इंदिरा गांधी इंडोर स्टेडियम में आयोजित कार्यक्रम 'सशक्त नारी, समृद्ध दिल्ली' में देश की राष्ट्रपति द्रौपदी मुर्मू विभिन्न महत्वाकांक्षी योजनाओं का शुभारंभ करेंगी। मुख्यमंत्री रेखा गुप्ता के अनुसार, इन पहलों से लाखों परिवारों और महिलाओं को सीधा लाभ मिलेगा।

सरकार 'लाडली योजना' को विस्तारित और सुदृढ़ रूप में 'दिल्ली लखपति बिटिया योजना' के तौर पर लागू कर रही है। नई व्यवस्था के तहत बालिका के नाम पर विभिन्न चरणों में कुल 56 हजार रुपये जमा किए जाएंगे, जो ब्याज सहित 21 वर्ष की आयु तक एक लाख रुपये से अधिक हो सकते हैं। पूर्व में जन्म और शैक्षणिक पड़ावों पर दी जाने वाली राशि को अब अधिक व्यवस्थित और डिजिटल प्रक्रिया के माध्यम से संचालित किया जाएगा। लंबित परिपक्वता राशि भी लाभार्थियों के खातों में भेजी जाएगी।

महिलाओं की सुरक्षित और सुगम यात्रा के लिए 'पिंक कार्ड' (नेशनल कॉमन मोबिलिटी कार्ड-एनसीएमसी) की शुरुआत की जाएगी। यह कार्ड दिल्ली निवासी महिलाओं को डीटीसी बसों में नि:शुल्क यात्रा की सुविधा देगा, जबकि मेट्रो और अन्य सार्वजनिक परिवहन सेवाओं में एक ही स्मार्ट कार्ड से भुगतान संभव होगा। कार्ड जारी करने के लिए करीब 50 केंद्र स्थापित किए जाएंगे और इसे आधार व मोबाइल नंबर से लिंक किया जाएगा। इसके अलावा, होली और दिवाली पर राशन कार्ड धारक परिवारों को प्रति वर्ष दो मुक्त एलपीजी सिलेंडर देने की योजना का भी औपचारिक शुभारंभ होगा। मुख्यमंत्री के मुताबिक, लगभग 15.5 लाख परिवारों को डायरेक्ट बेनिफिट ट्रांसफर के माध्यम से सिलेंडर की मौजूदा कीमत के बराबर राशि सीधे बैंक खातों में भेजी जाएगी। इसके साथ ही सरकार ने स्पष्ट किया है कि सभी योजनाओं की निगरानी पूरी तरह डिजिटल प्रणाली से की जाएगी, ताकि पारदर्शिता बनी रहे और लाभ सीधे पात्र लोगों तक पहुंचे। अधिकारियों के अनुसार, पिंक कार्ड व्यवस्था से महिलाओं की दैनिक यात्रा अधिक सुरक्षित, आसान और किफायती होगी। प्रत्येक यात्रा का डिजिटल रिकॉर्ड तैयार होगा, जिससे नकद लेन-देन में कमी आएगी और परिवहन व्यवस्था अधिक सुव्यवस्थित बनेगी।

लखपति बिटिया योजना के अंतर्गत पात्र बालिकाओं का पंजीकरण ऑनलाइन माध्यम से किया जाएगा। सरकार का कहना है कि इससे आवेदन प्रक्रिया सरल होगी और किसी प्रकार की बिचौलिया व्यवस्था खत्म होगी। योजना का उद्देश्य बालिकाओं की शिक्षा को बढ़ावा देना, स्कूल छोड़ने की दर कम करना और परिवारों को आर्थिक सुरक्षा प्रदान करना है।

मुफ्त एलपीजी सिलेंडर योजना से खास तौर पर आर्थिक रूप से कमजोर वर्गों को राहत मिलने की उम्मीद है। त्योहारों के समय बढ़ते घरेलू खर्च के बीच यह सहायता परिवारों के बजट को संतुलित करने में सहायक होगी। मुख्यमंत्री ने कहा कि सरकार महिलाओं के सशक्तिकरण को प्राथमिकता दे रही है और भविष्य में भी ऐसी जनहितकारी योजनाएं लाई जाती रहेंगी, ताकि राजधानी की महिलाएं आत्मनिर्भर और आर्थिक रूप से मजबूत बन सकें।

ख़ामेनेई की मौत की ख़बर के बाद जंतर-मंतर पर प्रदर्शन, अमेरिका-इज़रायल के ख़िलाफ नारेबाज़ी

नई दिल्ली। (टॉप ब्यूरो) ईरान के सर्वोच्च नेता अयातुल्ला अली खामेनेई की कथित मौत की खबर सामने आने के बाद राजधानी दिल्ली समेत देश के कई हिस्सों में विरोध-प्रदर्शन हुए। दिल्ली के जंतर-मंतर पर बड़ी संख्या में लोग एकत्र हुए और अमेरिका व इजरायल के खिलाफ नारेबाजी की। प्रदर्शन के दौरान कई लोग भावुक नजर आए और उन्होंने इसे षड्यंत्र करार दिया।

जंतर-मंतर पर जुटी भीड़ में शामिल लोगों ने काले कपड़े पहनकर शोक व्यक्त किया। प्रदर्शनकारियों के हाथों में अयातुल्ला खामेनेई की तस्वीरें और काले झंडे थे। इजरायल और अमेरिका के विरोध में नारे लगाए गए। कुछ महिलाएं रोती हुई भी दिखाई दीं। प्रदर्शन का वीडियो सोशल मीडिया पर तेजी से वायरल हो रहा है।

इसी क्रम में दक्षिण-पूर्वी दिल्ली स्थित जामिया मिल्लिया इस्लामिया के बाहर भी लोगों की भीड़ जमा हुई। जानकारी के अनुसार, वहां शोक सभा आयोजित की गई और विशेष नमाज अदा की गई। छात्र संगठनों और कुछ स्थानीय नेताओं ने भी प्रदर्शन में भाग लिया और ईरानी नेता के प्रति समर्थन जताया।

राजधानी के अलावा लखनऊ और जम्मू के कुछ इलाकों में भी विरोध-प्रदर्शन की खबरें सामने आईं। लखनऊ में शिया समुदाय के सदस्यों ने अमेरिका और इजरायल के खिलाफ नारेबाजी की और घटना पर कड़ा विरोध जताया।

یکجہتی کی پروقار افطار تقریب: امید، استقامت اور انصاف کا عہد

نئی دہلی:ایسوسی ایشن فار پروٹیکشن آف سول رائٹس (اے۔ پی۔ سی۔ آر) نے دہلی کے کانسٹی ٹیوشن کلب میں"افطار و ڈنر برائے یکجہتی: امید، استقامت اور انصاف" کے عنوان سے ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا۔ اس شاندار تقریب میں سیاسی قیدیوں کے اہلِ خانہ، سینئر وکلاء، نامور سماجی کارکنان، معروف صحافیوں، اہم سول سوسائٹی کے نمائندوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے شرکت کی اور اجتماعی یادداشت اور عزمِ نو کا مظاہرہ کیا۔ رمضان المبارک کی روحانی فضا میں منعقدہ اس افطار تقریب کا محور جیلوں میں قید و بند کی صعوبتوں سے گزر رہے اُن اسیرانِ ضمیر اور ان کے خاندانوں سے اظہارِ یکجہتی تھا جو طویل عرصے سے آزمائشوں، معاشی دباؤ اور سماجی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ یہ محض افطار کی ایک رسمی نشست بھر ہی نہیں تھی بلکہ انصاف، انسانی وقار اور آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے مشترکہ اخلاقی ذمہ داری کی تجدید تھی۔ معروف سماجی کارکن گوتم نولکھا نے اپنے خطاب میں اجتماعی جدوجہد کی ناگزیر اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ"سول سوسائٹی مردہ نہیں تصور کی جائیگی۔ جب تک ایسے لوگ اور اس طرح کی تقریب منعقد ہوتی رہیں گی، یقیناً ابھی ہم زندہ ہیں۔"ان کے یہ الفاظ حاضرین کے لیے حوصلے اور استقامت کا پیغام ثابت ہوئے۔ جیل میں قید ڈاکٹر عمر خالد کے والد اور معروف صحافی ڈاکٹر سید قاسم رسول الیاس نے متاثرہ خاندانوں کے صبر و استقامت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسے مواقع نہ صرف اخلاقی اور جذباتی سہارا فراہم کرتے ہیں بلکہ یہ واضح اعلان بھی ہوتے ہیں کہ ان کی جدوجہد نہ تو نظرانداز کی جاسکتی ہے اور نہ ہی فراموش کی جائے گی۔ سری نگر سے رکنِ پارلیمنٹ آغا سید روح اللہ مہدی نے اپنے پُراثر خطاب میں تقریب کے ظاہری پہلوؤں کے بجائے اس کے اخلاقی جوہر پر توجہ مرکوز کی۔ انہوں نے کہا کہ اس تقریب کی اصل قدر کھانے یا سماجی میل جول میں نہیں ہے بلکہ اس مشترکہ مقصد میں ہے جس نے سب کو یکجا کیا ہے۔ انہوں نے اُن افراد کی قربانیوں کا ذکر کیا جو حق و صداقت کی آواز بلند کرنے کی پاداش میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں۔ موجودہ خوف اور غیر یقینی کی فضا کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے اعتراف کیا کہ قدم بعض اوقات لڑکھڑاتے ہیں، مگر انصاف کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہونا اور جدوجہد جاری رکھنا ایک اخلاقی فریضہ ہے۔ تقریب نے اس حقیقت کو بھی اجاگر کیا کہ ہر اسیر کے پیچھے ایک خاندان ہوتا ہے جو جذباتی اذیت، معاشی دشواریوں اور سماجی چیلنجز سے نبرد آزما ہے۔ ان خاندانوں کے لیے علامتی طور پر دسترخوان پر نشستیں محفوظ رکھ کر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ قید خانوں کی دیواریں یادداشت اور یکجہتی کو محدود نہیں کرسکتیں ہیں۔ اے۔ پی۔ سی۔ آر کے نیشنل سکریٹری ندیم خان نے کہا کہ ہمارا کوشش اس عزم کا اعادہ ہے کہ وہ آئینی اقدار، انسانی حقوق اور انصاف کے لیے اپنی پرامن اور جمہوری جدوجہد جاری رکھے، اور ہر اس خاندان کے ساتھ کھڑی رہے جو ناانصافی کا سامنا کر رہا ہے۔ تقریب میں دہلی کے سابق لیفٹیننٹ جنرل نجیب جنگ۔ پٹنہ ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس اقبال احمد انصاری۔ رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر محمد جاوید، رکن پارلیمنٹ مولانا محب اللہ ندوی۔ انڈین مسلمس فار سول رائٹس کے چیئرمین اور سابق رکن محمد ادیب، سابق رکن پارلیمنٹ کنور دانش علی۔ سابق سفیر اور رکن پارلیمنٹ میم افضل۔ سابق سفارتکار ڈاکٹر اشوک شرما، پلاننگ کمیشن کی سابق رکن سید سیدین حمید، سابق میجر جنرل جاوید اقبال خان اور جماعت اسلامی ہند کے نائب صدر ملک معتصم خان سمیت درجنوں اہم شخصیات کی موجودگی نے تقریب میں اسیران کے اہل خانہ کی نہ صرف حوصلہ افزائی کی بلکہ اے۔ پی۔ سی۔ آر کی کوششوں کی جم کر تعریف بھی کی۔

ایران کے معاملے پر حکومتی خاموشی افسوسناک: ڈاکٹر نریش کمار

نئی دہلی: دہلی کانگریس کے ترجمان ڈاکٹر نریش کمار نے ایران پر حالیہ حملے کے تناظر میں حکومت ہند کی خاموشی کو افسوسناک قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے قتل کو تین دن گزر جانے کے باوجود سرکاری سطح پر کوئی واضح بیان سامنے نہ آنا ہندوستان کی سفارتی روایت کے برخلاف ہے۔ ڈاکٹر نریش کمار نے کہا کہ ایران اور ہندوستان کے تعلقات تاریخی، ثقافتی اور اقتصادی بنیادوں پر استوار رہے ہیں۔ انہوں نے یاد دلایا کہ مختلف بین الاقوامی معاملات میں ایران نے ہندوستان کے مؤقف کی حمایت کی ہے، لہٰذا موجودہ صورتحال میں حکومت کو بروقت اور متوازن ردِعمل دینا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان جیسے بڑے جمہوری ملک کے لیے ضروری ہے کہ وہ اہم عالمی واقعات پر واضح مؤقف اختیار کرے، تاکہ علاقائی استحکام اور بین الاقوامی اعتماد برقرار رہے۔ انہوں نے زور دیا کہ خارجہ پالیسی میں شفافیت اور فعال سفارت کاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈاکٹر نریش کمار نے اپنے بیان میں یہ بھی کہا کہ ہندوستان کو اپنی خارجہ پالیسی میں شفافیت اور بروقت مکالمے کو ترجیح دینی چاہیے۔ انہوں نے زور دیا کہ بین الاقوامی واقعات پر واضح مؤقف اختیار کرنے سے نہ صرف ہمارے دوست ممالک کے ساتھ اعتماد مضبوط ہوتا ہے بلکہ ہندوستان کی عالمی شبیہ ایک ذمہ دار اور فعال جمہوریت کے طور پر ابھرتی ہے۔ ایسے میں ایران میں پیش آئے اس افسوسناک واقعہ پر ہندوستان کا متوازن، حساس اور فوری ردعمل ضروری تھا۔

امت کو قرآن سے وابستہ کرنا جمعیۃ علماء ہند کی بنیادی تحریک: مولانا محمد حکیم الدین قاسمی

نئی دہلی: جمعیۃ علماء ہند کے صدر دفتر آئی ٹی او، نئی دہلی کے فدائے ملت (ہند ہال) میں 10 روزہ تراویح کے دوران حافظ ابوبکر، فرزند مولانا محمد حکیم الدین قاسمی (ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند) نے بحمد اللہ قرآن مجید مکمل کیا۔ سامع کے طور پر مولانا کلیم الدین قاسمی، انچارج مہمان خانہ دفتر جمعیۃ علماء ہند نے ذمہ داری ادا کی۔ اس موقع پر ایک مختصر مگر باوقار تقریب اور دعائیہ محفل منعقد ہوئی جس میں دہلی کے ممتاز علماء کرام، جمعیۃ کے ذمہ داران اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر اپنے کلیدی خطاب میں ناظمِ عمومی جمعیۃ علماء ہند مولانا محمد حکیم الدین قاسمی نے ماہِ رمضان کی روحانی اہمیت اور قرآنِ مجید سے مضبوط تعلق کی ضرورت پر مختصر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ جمعیۃ علماء ہند ایک طویل عرصہ سے معاشرے کو قرآن سے جوڑنے کی جدوجہد کر رہی ہے، اور یہ وہی مشن ہے جس کا تصور حضرت شیخ الہندؒ نے مالٹا سے واپسی کے بعد امت کے سامنے پیش کیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمعیۃ علماء ہند امت میں اتحاد و اتفاق، قرآن کے ساتھ عملی وابستگی اور صالح معاشرے کی تشکیل کے لیے سرگرم عمل ہے، تاکہ دینِ حق کا قیام ہو اور معاشرہ خودی اور پوری انسانیت کے لیے مفید ثابت ہو سکے۔ جمعیۃ علماء ہند اس مقصد کے لیے درس قرآن کی مہم چلائی ہے۔ مولانا حکیم الدین قاسمی نے جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کے ذمہ داران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ جمعیۃ کے مشن کو مزید آگے بڑھائیں، مقامی سطح پر تنظیم کو مضبوط بنائیں اور ملت کے ہر فرد کے لیے نفع بخش سرگرمیوں کو فروغ دیں۔

یوتھ کانگریس کی 'شرٹ لیس تحریک' قابل ستائش اور تاریخی ہے: عمران پرتاپ گڑھی

نئی دہلی: انڈین یوتھ کانگریس کے رہنماؤں سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے راجیہ سبھا رکن اور محکمہ اقلیتی امور کے چیئرمین عمران پرتاپ گڑھی نے بی جے پی حکومت کی پالیسیوں کی مخالفت کی اور انڈین یوتھ کانگریس کی 'شرٹ لیس تحریک' کی تعریف کی۔ عمران پرتاپ گڑھی نے کہا کہ بغیر شرٹ کے یہ احتجاج انہیں بابائے قوم مہاتما گاندھی کی یاد دلاتا ہے، اور پولیس کو یاد رکھنا چاہیے کہ حکومتیں آتی جاتی ہیں، لیکن شہریوں کو اپنے حقوق کے لیے پرامن احتجاج کرنے سے نہیں روکا جانا چاہیے۔ یہ حق ہمارے آئین کی ضمانت ہے۔ عمران پرتاپ گڑھی نے کہا کہ جب بھی حکومت اپنی ہٹ دھرمی اور غلط پالیسیوں کے ذریعے ہمارے حقوق کو پامال کرنے کی کوشش کرے، تو ملک بھر کے شہریوں کو حکومت کو بیدار کرنے اور اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے احتجاج کرنا چاہیے۔ انہوں نے زور دیا کہ سبھی کو ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے لکھے ہوئے آئین کی حفاظت کرنی چاہیے۔ عمران پرتاپ گڑھی نے اپنی تقریر میں کہا کہ اگر حکومت بے شرم، انتظامیہ لاپرواہ، میڈیا بے معنی اور وزیر اعظم بیکار ہو جائیں تو یوتھ کانگریس بھی شرٹ لیس ہو کر اپنا احتجاج ظاہر کر سکتی ہے۔ کانگریس ایم پی عمران پرتاپ گڑھی نے یوتھ کانگریس لیڈروں کے اس احتجاج کو احتجاج کا مکمل طور پر صحیح طریقہ بتایا اور اس تحریک کا

گاندھی جی کی تحریک سے موازنہ کیا۔ عمران پرتاپ گڑھی نے انڈین یوتھ کانگریس کے ہیڈکوارٹر میں نوجوان کانگریسی لیڈروں سے خطاب کرتے ہوئے موجودہ سیاسی صورتحال اور بین الاقوامی اثر و رسوخ (امریکہ وغیرہ) کا بھی ذکر کیا اور پوچھا کہ کیا وجہ ہے کہ اگر ہمارے نوجوان نریندر مودی جی کی قیادت میں بغیر شرٹ کے احتجاج کرتے ہیں تو رات کو ان کے گھروں پر چھاپے مارنے کے لیے پولیس بھیجی جاتی ہے۔ انہوں نے ایسا کیا کیا ہے کہ رات کو جھوٹے مقدمات بنا کر گرفتار کیا جا رہا ہے۔ کانگریس لیڈر عمران پرتاپ گڑھی نے یوتھ کانگریس سے کہا کہ انہوں نے بغیر شرٹ کے احتجاج کر کوئی جرم نہیں کیا ہے اور حکومت و پولیس کو بھی سمجھ لینا چاہئے کہ ظلم کو برداشت کرنا اتنا ہی بڑا جرم ہے جتنا جرم کرنا۔ انڈین یوتھ کانگریس کے صدر ادے بھانو چب کی ضمانت پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں ملک کی عدلیہ پر پورا بھروسہ ہے اور عدلیہ نے حکومت و پولیس کی ملی بھگت سے آمریت کا منہ توڑ جواب دیا ہے۔ انھیں جواب دے دیا ہے کہ جمہوریت میں احتجاج کرنا اور اپنے مفادات کا تحفظ کرنا ہمارا حق ہے۔ عمران پرتاپ گڑھی نے کانگریس کے تمام وکلاء کو مبارکباد بھی دی۔ انہی کی کوششوں اور وکالت سے بی جے پی حکومت کو شکست ہوئی اور عدلیہ نے ضمانت دے کر راحت فراہم کی۔

आरोपमुक्ति के बाद जंतर-मंतर पर आप की मेगा रैली

नई दिल्ली। (टॉप ब्यूरो) कथित आबकारी नीति मामले में निचली अदालत से आरोपमुक्त किए जाने के बाद आम आदमी पार्टी (AAP) आज जंतर-मंतर पर मेगा रैली आयोजित करेगी। दिल्ली के पूर्व मुख्यमंत्री और पार्टी के राष्ट्रीय संयोजक अरविंद केजरीवाल इस जनसभा को संबोधित करेंगे। अदालत के फैसले के बाद यह उनकी पहली बड़ी सार्वजनिक रैली मानी जा रही है।

पार्टी नेताओं के अनुसार, रैली में संगठन के वरिष्ठ नेता और बड़ी संख्या में कार्यकर्ता शामिल होंगे। दिल्ली प्रदेश अध्यक्ष सौरभ भारद्वाज ने बताया कि कार्यक्रम के लिए आवश्यक अनुमति प्राप्त हो गई है और जनसभा तय समय पर आयोजित होगी। इससे पहले अनुमति को लेकर असमंजस की स्थिति बनी हुई थी, जिस पर पार्टी ने आपत्ति जताई थी।

अरविंद केजरीवाल ने भी सोशल मीडिया मंच 'एम्स' पर प्रतिक्रिया देते हुए कहा था कि शांतिपूर्ण रैली करना और अपनी बात रखना लोकतांत्रिक अधिकार है। उन्होंने संकेत दिया था कि कार्यक्रम को रोकने की कोशिश की गई, हालांकि बाद में प्रशासन की ओर से अनुमति दे दी गई।

गौरतलब है कि राउज एवेन्यू कोर्ट ने शुक्रवार को कथित आबकारी नीति मामले में अरविंद केजरीवाल, मनीष सिसोदिया सहित अन्य आरोपियों को आरोपमुक्त कर दिया था। इस मामले ने दिल्ली की राजनीति में लंबे समय तक विवाद पैदा किया और सियासी हलकों में व्यापक चर्चा का विषय बना रहा। आज की रैली को अदालत के फैसले के बाद शक्ति प्रदर्शन के रूप में देखा जा रहा है।

अरावली में बने धार्मिक स्थलों को वन विभाग का नोटिस

फरीदाबाद। (टॉप ब्यूरो) अरावली पर्वतमाला क्षेत्र में बने धार्मिक स्थलों और अन्य अवैध निर्माणों को लेकर वन विभाग ने सख्ती बढ़ा दी है। विभाग की ओर से संबंधित स्थलों पर नोटिस जारी कर 15 दिन के भीतर अवैध ढांचे हटाने के निर्देश दिए गए हैं। चेतावनी दी गई है कि निर्धारित समय सीमा में निर्माण नहीं हटाए जाने पर विभागीय कार्रवाई की जाएगी। कुछ मंदिर परिसरों में नोटिस चस्पा भी किए गए हैं।



वन विभाग के अधिकारियों के अनुसार, अरावली वन क्षेत्र में किसी भी प्रकार का निर्माण पीएलपीए एक्ट के तहत प्रतिबंधित है। नोटिस में स्पष्ट किया गया है कि धार्मिक स्थल के नाम पर की गई अवैध संरचनाएं कानून का उल्लंघन हैं और इन्हें हटाना अनिवार्य है।

गौरतलब है कि पिछले वर्ष जून-जुलाई में सुप्रीम कोर्ट के आदेश के बाद वन विभाग ने अरावली क्षेत्र में बड़े पैमाने पर अतिक्रमण हटाओ अभियान चलाया था। करीब डेढ़ महीने तक चली कार्रवाई में लक्कड़पुर, अनंगपुर, अनखीर और मेवला महाराजपुर क्षेत्रों में 261 एकड़ से अधिक भूमि पर फैले 241 अवैध निर्माण ध्वस्त किए गए थे। इस दौरान कुछ स्थानों पर विभाग को विरोध का सामना भी करना पड़ा था। बाद में सर्वोच्च न्यायालय के निर्देश पर केंद्रीय अधिकार प्राप्त समिति (सीईसी) का गठन कर स्थिति का आकलन कराया गया।

इधर, हाल में जारी एक अध्ययन रिपोर्ट में भी अरावली क्षेत्र में बढ़ते अतिक्रमण, अवैध खनन और शहरी विस्तार पर चिंता जताई गई है। रिपोर्ट के मुताबिक, इन गतिविधियों से भूजल पुनर्भरण, जैव विविधता और पर्यावरणीय संतुलन पर गंभीर प्रभाव पड़ा है। विशेषज्ञों का कहना है कि अरावली पर्वतमाला राष्ट्रीय राजधानी क्षेत्र के लिए प्राकृतिक अवरोध और पारिस्थितिक सुरक्षा कवच का काम करती है, ऐसे में इसके संरक्षण के लिए सख्त कदम उठाना आवश्यक है।

बजट के बाद पीएम मोदी का संबोधन, विकास को मज़बूत करने पर फोकस

नई दिल्ली। प्रधानमंत्री नरेन्द्र मोदी ने आज बजट वेबिनार श्रृंखला के द्वितीय सत्र को संबोधित किया जिसका मुख्य विषय 'आर्थिक विकास बरकरार रखना और मजबूत करना' था। प्रधानमंत्री ने पिछले सप्ताह की प्रगति पर विचार करते हुए कहा कि पहला वेबिनार अत्यंत सफल रहा और बजट प्रावधानों के कार्यान्वयन के संबंध में उत्कृष्ट सुझाव प्राप्त हुए। प्रधानमंत्री ने इस बात पर बल दिया कि वर्तमान वेबिनार देश की आर्थिक वृद्धि को निरंतर मजबूती प्रदान करने के मुद्दे से सहज रूप से जुड़ा हुआ है। प्रधानमंत्री ने कहा कि वैश्विक आपूर्ति श्रृंखलाओं के पुनर्गठन के साथ भारत की सुदृढ़ अर्थव्यवस्था विश्व के लिए आशा की किरण बन गई है। श्री मोदी ने कहा, 'अर्थव्यवस्था की तीव्र प्रगति 'विकसित भारत' की मजबूत नींव है।'

दिल्ली पुलिसः ऑपरेशन मिलाप के तहत 118 लापता व्यक्तियों और बच्चों को उनके परिवारों से मिलाया

नई दिल्ली। दिल्ली पुलिस के दक्षिण-पश्चिम जिला ने ऑपरेशन मिलाप के तहत पिछले महीने कुल एक सौ क्त लापता व्यक्तियों और बच्चों को उनके परिवारों से मिलाया है। जिनमें फ्क लापता और अपहृत बच्चे तथा त्स्त्र वयस्क शामिल हैं।

इसी कड़ी में इस वर्ष पहली जनवरी से ख्त फरवरी तक कुल एक सौ -फ लापता व्यक्तिओं और बच्चों को सुरक्षित उनके परिवारों से मिलाया है।

पुलिस ने स्थानीय पूछताछ, सीसीटीवी फुटेज समीक्षा, बस स्टैंड और रेलवे स्टेशन पर तस्वीर दिखाकर इन लापता लोगों और बच्चों को ढूंढा।

इसके अलावा, पुलिस ने ऑपरेशन मिलाप के तहत किए गए प्रयासों की सराहना की है और आगे भी ऐसे प्रयास जारी रखने का आश्वासन दिया है।

दिल्ली की मुख्यमंत्री रेखा गुप्ता ने कनॉट प्लेस में एनडीएमसी फूल महोत्सव का उद्घाटन किया

नई दिल्ली। दिल्ली की मुख्यमंत्री रेखा गुप्ता ने आज राष्ट्रीय राजधानी के कनॉट प्लेस में एनडीएमसी फूल महोत्सव का उद्घाटन किया। इस अवसर पर दिल्ली की मुख्यमंत्री ने कहा कि यह महोत्सव रंगों, प्रकृति और रचनात्मकता का एक जीवंत उत्सव है। उन्होंने कहा कि ट्रे गार्डन, पिरामिड और सिलेंडर के आकार में फूलों की सजावट, सुंदर परिदृश्य और विशेष सेल्फी पॉइंट इस आयोजन को और भी आकर्षक बना रहे हैं।

’وزیراعظم واضح کریں، کیا وہ سربراہِ مملکت کے قتل کی حمایت کرتے ہیں؟‘ راہل گاندھی کا مودی سے سوال

نئی دہلی: مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف اور کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے وزیراعظم نریندر مودی سے دوٹوک سوال کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ واضح کریں آیا وہ کسی سربراہِ مملکت کے قتل کو عالمی نظام کی تشکیل کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ اپنے ایکس بیان میں راہل گاندھی نے امریکہ-اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی دشمنی پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ یہ صورتحال ایک نازک خطے کو وسیع تنازعہ کی طرف دھکیل رہی ہے، جہاں کروڑوں افراد بشمول تقریباً ایک کروڑ ہندوستانی غیر یقینی حالات سے دوچار ہیں۔ راہل گاندھی نے کہا کہ سکیورٹی خدشات اپنی جگہ لیکن ایسی کارروائیاں جو کسی ملک کی خود مختاری کی خلاف ورزی کریں، بحران کو مزید گہرا کرتی ہیں۔ انہوں نے ایران پر یکطرفہ حملوں اور ایران کی جانب سے دیگر مغربی ایشیائی ممالک پر حملوں دونوں کی مذمت کی اور کہا کہ تشدد کا جواب مکالمہ اور تحمل کے ذریعے ہی دیا جا سکتا ہے۔ ان کے مطابق ایسے حساس وقت میں خاموشی ہندوستان کے عالمی وقار کو متاثر کرتی ہے اور خارجہ پالیسی کو اصولی بنیادوں پر استوار رہنا چاہیے۔ راہل گاندھی نے اپنی پوسٹ میں لکھا، ’’بین الاقوامی قانون اور انسانی جانوں کے دفاع میں ہمیں صاف اور دوٹوک انداز میں بات کرنے کا حوصلہ ہونا چاہیے۔ ہماری خارجہ پالیسی خودمختاری اور تنازعات کے پرامن حل پر مبنی ہے اور اسے اسی تسلسل کے ساتھ برقرار رہنا چاہیے۔ وزیراعظم مودی کو بولنا چاہیے۔ کیا وہ عالمی نظام کی تشکیل کے ایک طریقے کے طور پر کسی سربراہِ مملکت کے قتل کی حمایت کرتے ہیں؟ اس وقت کی خاموشی ہندوستان کے عالمی وقار کو کمزور کرتی ہے۔‘‘ قبل ازیں سونیا گاندھی نے اپنے مضمون میں بھی اسی نوعیت کے خدشات ظاہر کیے تھے۔ انہوں نے لکھا کہ کسی خودمختار ریاست کی قیادت کو نشانہ بنانا عالمی قانون اور اقوام متحدہ کے اصولوں کے منافی ہے۔ ان کے مطابق ہندوستان کو اخلاقی جرأت کا مظاہرہ کرتے ہوئے انسانی جانوں اور بین الاقوامی ضابطوں کے دفاع میں واضح مؤقف اختیار کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی خارجہ پالیسی ہمیشہ خودمختاری کے احترام اور تنازعات کے پرامن حل پر مبنی رہی ہے۔ سونیا گاندھی نے مزید کہا کہ عالمی نظام طاقت کے استعمال سے نہیں بلکہ قوانین کی پاسداری اور سفارتی تدبر سے مستحکم ہوتا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر بڑی طاقتیں یکطرفہ کارروائیوں کو معمول بنا لیں تو اس سے عالمی استحکام کمزور ہوگا اور ترقی پذیر ممالک سب سے زیادہ متاثر ہوں گے۔ دوسری جانب کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے دو روز قبل اپنے بیان میں ایران کے سپریم لیڈر سید علی حسینی خامنہ ای کو ہدف بنا کر کی گئی کارروائی کی سخت الفاظ میں مذمت کی تھی۔ انہوں نے اسے بغیر اعلانِ جنگ کی گئی کارروائی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی ہے اور خود مختار ریاستوں کے داخلی معاملات میں مداخلت کے مترادف ہے۔ کھڑگے نے کہا کہ آئینِ ہند کے آرٹیکل اکاون کے مطابق ہندوستان کی خارجہ پالیسی پرامن بقائے باہمی، عدم مداخلت اور عالمی قانون کے احترام پر مبنی ہے۔ ان کے مطابق کسی بھی ملک کی قیادت کو بیرونی طاقت کے ذریعے ہٹانے کی کوشش ایک خطرناک رجحان ہے جو منصفانہ عالمی نظام کے تصور سے متصادم ہے۔

منا ایکسپریس وے پر دردناک حادثہ میاں بیوی سمیت 6 کی موت

ہاتھرس: اتر پردیش کے ہاتھرس میں یمنا ایکسپریس وے پر منگل کو عالی الصبح ایک ڈبل ڈیکر بس نے چلتی ایکو وین کو پیچھے سے ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں ایک بڑا حادثہ ہوگیا۔ اس حادثے میں میاں بیوی سمیت 6 لوگوں کی موت ہوگئی اور 7 دیگر زخمی ہوگئے۔ متوفیوں میں سے 3 آگرہ اور 3 راجستھان کے دھول پور کے رہنے والے تھے۔ یہ سبھی لوگ ہولی کے لیے گھر جارہے تھے۔ اطلاع کے مطابق حادثے کا شکار بس دہلی سے گورکھپور جارہی تھی جبکہ وین دہلی سے دھولپور جارہی تھی۔ اوورٹیک کی کوشش کے دوران ٹکر ہوئی۔ ٹکر اتنی بھیانک تھی کہ وین اُچھل کر 10 فٹ دور گری اور اس کا پچھلا حصہ چکنا چور ہوگیا۔ اس حادثے میں بس میں سوار مسافر پوری طرح محفوظ رہے۔ حادثے کے بعد موقع پر کہرام مچ گیا۔ ہر طرف سے چیخ وپکار مچ گئی۔ سڑک پر لاشیں بچھ گئیں جس کی وجہ سے ایکسپریس وے پر جام لگ گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اہلکار موقع پر پہنچ گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر کھنڈولی سی ایچ سی بھیجا گیا، جہاں سے 3 کو آگرہ ریفر کردیا گیا۔ حادثہ سعد آباد کوتوالی علاقہ میں پیش آیا۔ ہاتھرس میں یمنا ایکسپریس وے کے مائل اسٹون 141 پر پرائیویٹ ڈبل ڈیکر بس گورکھپور کی طرف جارہی تھی۔ وہیں ایکو وین بس کے آگے چل رہی تھی۔ وین میں 13 افراد سوار تھے۔ سبھی لوگ ہولی کا تہوار منانے اپنے اپنے گھر جارہے تھے۔ اطلاعات کے مطابق علی الصبح 4 بج کر 15 منٹ پر تیز رفتار بس نے وین کو اوورٹیک کرنے کی کوشش کی اور بے قابو ہوکر وین کو پیچھے سے ٹکر ماردی۔ ٹکر اتنی شدید تھی کہ وین قریب 10 فٹ دور جا کر گری۔ جس کے نتیجے میں 6 لوگوں کی موت ہوگئی اور متعدد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں 4 بچے بھی شامل ہیں۔ حادثہ میں زخمی ایکو ڈرائیور کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔ متوفیوں کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے ڈسٹرکٹ اسپتال بھیج دیا گیا ہے۔

کیرالہ اور تمل ناڈو میں حد بندی کو مسئلہ بنائے گی کانگریس، جے رام رمیش نے بی جے پی کے ارادوں پر اٹھائے سوال

کیرالہ اور تمل ناڈو میں جلد ہی انتخابات ہونے والے ہیں۔ دونوں ریاستوں میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔ اس دوران کانگریس لیڈر جے رام رمیش نے بحث کے لیے حد بندی کا مسئلہ اٹھاتے ہوئے بی جے پی کو نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے دلیل دی کہ جنوبی ریاستیں، جو اپنی آبادی کو مؤثر طریقے سے کنٹرول کرتی ہیں، کو کم پارلیمانی نشستوں کے ساتھ سزا نہیں دی جانا چاہیے۔ ’پی ٹی آئی‘ کو دیئے انٹرویو میں جے رام رمیش نے مرکزی فنڈز کی تقسیم میں امتیازی سلوک کا بھی الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ نمائندگی اور مالی انصاف دونوں ہی کیرالہ اور تمل ناڈو کے آئندہ انتخابات میں بی جے پی کو گھیرنے کے لیے اٹھائے جانے اہم مسائل ہوں گے۔ یہ پوچھے جانے پر کہ کیا کیرالہ اور تمل ناڈو میں حد بندی انتخابی مہم کا مسئلہ بننے جارہی ہے، جے رام رمیش نے کہا کہ یہ بہت بڑا مسئلہ ہے۔ موجودہ صورتحال کے مطابق کیرالہ، کرناٹک، تمل ناڈو، تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں سیٹوں کی تعداد میں کمی آئے گی۔ یہ تشویش کی بات ہے۔ ابھی یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے کیونکہ ابھی مردم شماری ہونا باقی ہے۔ اگلے سال اپریل تک ہمیں مردم شماری کے نتائج معلوم ہوں گے۔ پھر یقینی طور پر ایک حد بندی کمیشن تشکیل دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ ریاستیں، خاص طور پر جنوبی ہند کی ریاستوں کو خاندانی منصوبہ بندی کے پروگراموں کے معاملے میں اتنا ذمہ دار اور جوابدہ ہونے کی سزا دی جائے۔ کانگریس لیڈر نے کہا کہ کیرالہ ہندوستان کی پہلی ریاست ہے جس نے شرح پیدائش کو 1.2 تک کم کرنے کا ہدف حاصل کیا ہے۔ ان کی پالیسی کا مقصد شرح پیدائش کو 1.2 تک کم کرنا تھا۔ اس سطح پر آبادی دونسلوں کے بعد مستحکم ہونے لگے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریباً 40 سال پہلے کی بات ہے۔ کیرالہ 1988 میں 1.2 کی کل شرح پیدائش (ٹی ایف آر) تک پہنچ گئی۔

دبئی ایئرپورٹ بند، ہندوستانی مسافروں کی پریشان کن واپسی

ممبئی: ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ حملے اور ایران کی جوابی کارروائی کے بعد مشرق وسطیٰ کے حالات بدستور کشیدہ ہیں۔ صورتحال یہ ہے کہ کوئی یہ کہنے کی حالت میں نہیں ہے کہ ایک منٹ بعد کیا ہونے والا ہے۔ اس صورتحال نے دبئی سمیت دنیا کے کئی ممالک کے مسافروں کو بُری طرح متاثر کیا ہے۔ حملے اور جوابی حملے کے بعد کئی ممالک نے اپنی فضائی حدود بند کردی ہیں۔ وہیں دبئی ایئرپورٹ بھی بند کرکے پروازوں کو منسوخ کردیا گیا ہے۔ اس دوران دبئی گھومنے گئے کئی مسافر وہاں پھنس گئے تھے۔ اسی اثنا میں دبئی سے ایک پرواز منگل (3 مارچ) کی صبح تقریباً 2 بجے ممبئی کے چھترپتی شیواجی مہاراج بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اُتری۔ یہاں ایک وقت بڑی افراتفری کا ماحول نظر آیا۔ اس دوران پرواز کے ایک مسافر نے اپنی آنکھوں دیکھی صورت حال بیان کی۔ ’اے بی پی نیوز‘ کے مطابق ممبئی کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ایک مسافر اجے نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم ممبئی سے حیدرآباد اور پھر وہاں سے دبئی پہنچے تھے۔ دبئی سے ہماری اگلی فلائٹ امریکہ کے لیے تھی۔ ہم فلائٹ میں سوار ہوگئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ جب فلائٹ ٹیک آف نہیں ہوئی تو پتہ کیا گیا۔ پہلے کوئی تکنیکی خرابی بتائی گئی۔ اسی طرح 8-7 گھنٹے گزر گئے۔ اس کے بعد ہم لوگوں کو بتایا گیا کہ خلیج میں جنگ شروع ہوگئی ہے، اس لئے ابھی ہم پرواز کرنے کی حالت میں نہیں ہیں۔ اجے نے بتایا کہ اس کے بعد ہوائی اڈے پر بھگدڑ مچ گئی۔ حالات انتہائی خراب ہو چکے تھے۔ پھر ایمریٹس کی بسیں اور گاڑیاں ایئرپورٹ پر پہنچیں اور ہمیں لے کر ہوٹلوں تک چھوڑ دیا۔ اس کے بعد ہم لوگ ساری رات ہوٹل کے لیے بھٹکتے رہے۔ انہوں نے بتایا کہ 12-10 گھنٹے بھٹکنے کے بعد بالآخر ہم لوگوں کو ایک ہوٹل مل گیا۔ اس دوران ہم لوگوں نے بم کی آواز بھی سنی اور برج خلیفہ کے اردگرد دھوئیں کے غبار بھی دیکھے۔ وہیں ہمیں ہوٹل سے باہر نکلنے یا کھڑکیوں کے پاس کھڑے ہونے سے سختی سے منع کیا گیا۔ اجے نے بتایا کہ ہم دوپہر کا کھانا کھائے بغیر اپنے کمروں میں ہی بند رہے۔ ہم اس بات سے بے خبر تھے کہ باہر کیا ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہاں ہر طرف افراتفری مچی ہوئی تھی۔ عوام بری طرح پریشان تھے۔

ہندوستان کی خارجہ پالیسی کو قومی مفاد پر پورا اترنا چاہیے، بی جے پی کی نظریاتی وابستگی سے نہیں: ایس ڈی پی آئی

نئی دہلی (پریس ریلیز) سوشیل ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا (SDPI) کے قومی صدر ایم کے فیضی نے وزیراعظم نریندر مودی کے جاری اسرائیل کے دورے پر سخت تنقید کی ہے جبکہ مقبوضہ فلسطینی علاقہ بے مثال تباہی کو جھیل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ مغربی ایشیا میں انصاف، متوازن سفارت کاری اور اسٹریٹجک خودمختاری کے تئیں ہندوستان کی تاریخی وابستگی سے ایک اہم تبدیلی کی نشاندہی کرتا ہے۔ اسرائیل کے ساتھ دفاعی تعاون اور تزویراتی ہم آہنگی کو پیش نظر رکھتے ہوئے جب کہ غزہ کو بے پناہ انسانی مصائب کا سامنا ہے، حکومت کو ہندوستان کے دیرینہ آزاد خارجہ پالیسی کے فریم ورک سے سمجھوتہ کرنے کا خطرہ ہے۔ کئی دہائیوں تک ہندوستان فلسطینی عوام کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔ 1947 میں ہندوستان نے فلسطین کی تقسیم کے خلاف ووٹ دیا۔ 1974 میں، یہ پہلا غیر عرب ملک بن گیا جس نے فلسطین لبریشن آرگنائزیشن کو فلسطینی عوام کا واحد جائز نمائندہ تسلیم کیا، اور 1988 میں اس نے فلسطین کی ریاست کو تسلیم کیا۔ اس اصولی موقف کی بنیاد نوآبادیاتی مخالف یکجہتی اور خود ارادیت پر قائم تھی۔ تاہم، آج غزہ نے بڑے پیمانے پر شہری ہلاکتوں کا مشاہدہ کیا ہے، جن میں ہزاروں خواتین اور بچے شامل ہیں، گھروں کی تباہی، ہسپتالوں اور طبی سہولیات کو بار بار نقصان پہنچانا، اور ڈاکٹروں اور انسانی ہمدردی کے کارکنوں کا قتل ہو رہا ہے۔ بین الاقوامی ایجنسیوں نے بڑے پیمانے پر نقل مکانی، بھوک اور ضروری خدمات کے خاتمے کی رپورٹ کی ہے۔ ایسے نازک موڑ پر، اسرائیل کے ساتھ گہرے فوجی اور اسٹریٹجک تعلقات ایک گہرے پریشان کن سگنل بھیجتے ہیں۔ وزیراعظم نے پہلے مواقع پر اسرائیل کو ہندوستان کا قریبی دوست اور مضبوط اتحادی قرار دیا ہے اور موجودہ دورہ عوامی صف بندی کو مزید تقویت دیتا ہے۔ ہندوستان اور اسرائیل کے درمیان دوطرفہ دفاعی تجارت اربوں ڈالر میں چلتی ہے، ہندوستان اسرائیل کے فوجی ساز وسامان بشمول میزائل سسٹم، نگرانی کی ٹیکنالوجی اور بغیر پائلٹ کے فضائی گاڑیوں کے سب سے بڑے خریداروں میں سے ایک ہے۔ یہ بڑھتی ہوئی شراکت داری، جو تیزی سے نظر آتی ہے اور سیاسی طور پر منائی جاتی ہے، پہلے کے پالیسیوں سے منحرف ہونے کی نمائندگی کرتی ہے۔ پارٹی نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان کے مفادات پورے مغربی ایشیا میں متوازن اور تعمیری تعلقات کی ضرورت ہے۔ لاکھوں ہندوستانی خلیجی ممالک میں رہتے ہیں اور کام کرتے ہیں، اور ہندوستان کی توانائی کی سلامتی کا خطے سے گہرا تعلق ہے۔ کوئی بھی تاثر کہ بھارت گہرے پولرائزڈ علاقائی تنازعات میں فیصلہ کن طور پر ایک طرف جھک رہا ہے اس کے سفارتی اور اقتصادی نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ ایران کے ساتھ بڑھتے ہوئے علاقائی کشیدگی نے ہوشیاری کی ضرورت کو مزید واضح کیا ہے، خاص طور پر ہندوستان کی اسٹریٹجک سرمایہ کاری جیسے کہ چابہار بندرگاہ اور ہندوستان کو افغانستان اور وسطی ایشیا سے جوڑنے والے رابطے کے اقدامات کے پیش نظر حکمت کی ضرورت ہے۔ سوشیل ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ نظریاتی وابستگی کے بجائے قومی مفاد میں جڑی متوازن خارجہ پالیسی کے لیے اپنی وابستگی کا اعادہ کرے۔ ہندوستان کو غزہ میں فوری جنگ بندی، شہریوں کے تحفظ، بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزیوں کے لیے جوابدہی، اور مشرقی یروشلم کو ایک خودمختار فلسطین کے دارالحکومت کے طور پر دو ریاستی حل کے حقیقی احیاء کی وکالت جاری رکھنی چاہیے۔ ہندوستان کی خارجہ پالیسی کو اپنے عوام کے ضمیر، سلامتی اور طویل مدتی مفادات کی عکاسی کرنی چاہیے۔ اسے متعصّبانہ نظریہ یا علامتی صف بندیوں سے تشکیل نہیں دیا جا سکتا۔